28-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ ریاست کے ہرشہری کو ملنے والی تمام فلاحی اسکیموں کی تفصیلات ایک ہی کارڈ میں شامل کرتے ہوئے ’جامع فلاح کارڈ‘ تیار کریں۔

۲۔ وزیرسیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ بھیگا ہوا دھان بھی امدادی قیمت پرخرید کر کسانوں کو ہرممکن مدد فراہم کی جائے گی۔

۳۔ بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے یقین ظاہر کیا ہے کہ تلنگانہ میں جلد ہی بی جے پی کی ڈبل انجن حکومت قائم ہوگی۔

۴۔ حیدرآباد محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں مختلف مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا کہ ایٹورنا گارام میں نابالغ لڑکی کے معاملہ میں غلط خبریں نشر کرنے والے میڈیا اداروں کو لیگل نوٹس جاری کی جائے گی۔ انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریٹنگس اور سیاسی مفادات کیلئے ایک نابالغ لڑکی کی زندگی سے کھیلنے کی برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بغیر ثبوت کے جھوٹے الزامات عائد کرنے والے افراد کو چاہئے کہ اگر حقیقت میں ان کے پاس کوئی ثبوت ہے تو پولیس کو پیش کریں۔ سیتا اکا نے کہا کہ غلط تشہیر کی وجہ سے لڑکی کا خاندان ذہنی الجھن کا شکار ہے۔

Desk

TIMS hospital

صنعت نگر میں زیرِ تعمیر ٹمز ہاسپٹل کو عالمی معیار کے مطابق جلد عوام کے لئے دستیاب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے وزیرِ صحت داموددھر راج نرسمہا نے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کرنے کا حکم دیا۔ وزیر نے ہاسپٹل کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور جدید طبی آلات، لیباریٹری اور بلڈ بینک کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے سیول کام تیزی سے مکمل کرنے، ملٹی لیول پارکنگ، ڈاکٹروں کے لئے ہاسٹل بلاکس، مریضوں کے تیمارداروں کے لئے رہائش اور دو کینٹینوں کے قیام کی ہدایت دی۔ وزیر نے غیر ملکی مریضوں کے لئے جدید سہولیات فراہم کرنے اور مرکزی گیٹ پر پولیس آؤٹ پوسٹ قائم کرنے کی بھی تجویز دی۔

Desk

Cricket

حیدرآباد کے مختلف کمشنریٹس میں خدمات انجام دینے والے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا نمائندوں کو سائبرآباد پولیس کمشنریٹ کی جانب سے کرکٹ ٹورنامنٹ میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ میڈیا نمائندوں میں کھیلوں کا جذبہ اور باہمی دوستی کو فروغ دینے کے مقصد سے یہ مقابلے منعقد کئے جا رہے ہیں۔ حصہ لینے کے خواہشمند میڈیا نمائندوں سے کہا گیا ہے کہ وہ کل تک اپنی درخواستیں سائبرآباد پولیس کمشنریٹ دفتر میں جمع کرائیں۔

Desk

Food Grain

بی جے پی تلنگانہ ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ کانگریس حکومت دھان کی خریداری میں لاپرواہی برت رہی ہے۔ نلگنڈہ ضلع کے چنتا پلی منڈل میں دھان خریداری

مرکز کا دورہ کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ گزشتہ 25 دنوں سے خریداری کا عمل رکا ہوا ہے جبکہ تھیلوں، لاریوں اور مزدوروں کی کمی کے باعث کسان شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی جانب سے فنڈس فراہم کئے جانے کے باوجود ریاستی حکومت خریداری میں ناکام رہی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ بھیگا ہوا دھان سمیت ہر دانہ فوری طور پر خریدا جائے اور کسانوں سے کسی بھی قسم کی رقم وصول نہ کی جائے۔

Desk

Ramchander Rao

بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے یقین ظاہر کیا ہے کہ تلنگانہ میں جلد ہی بی جے پی کی ڈبل انجن حکومت قائم ہوگی۔ وہ رنگاریڈی ضلع کے معین آباد میں منعقدہ پنڈت دین دیال اپادھیائے پرشکشن مہا ابھیان پروگرام میں شریک تھے۔انہوں نے کہا کہ یونیفارم سیول کوڈ ملک کی خواتین اور بچوں کو قانونی حقوق فراہم کرے گا اور مسلم خواتین بھی اس کا خیر مقدم کر رہے ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ ووٹر لسٹ کی نظر ثانی  کے معاملے پر کانگریس، بی آر ایس اور مجلس پارٹیاں شکست کے خوف سے گمراہ کن پروپیگنڈہ کر رہی ہیں۔رام چندر راؤ نے کہا کہ دھان کی خریداری کے معاملہ میں کانگریس حکومت اپنے وعدے پورے کرنے میں ناکام رہی ہے اور آخری دانہ خریدنے تک بی جے پی کی جدوجہد جاری رہے گی۔

Desk

Ministers

ریاستی وزرا پی سرینواس ریڈی اور ڈی دھر بابو نے کہا ہے کہ فیوچر سٹی کو دنیا کے لئے ایک مثالی شہر بنانا ہی ریاستی حکومت کا عزم ہے۔آج صبح دونوں وزراء نے فیوچر سٹی پروجیکٹ کے علاقہ کا دورہ کیا اور فیوچر سٹی ڈیولپمنٹ اتھارٹی دفتر اور ینگ انڈیا اسکلز یونیورسٹی کی تعمیراتی سرگرمیوں کا

جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ فیوچرسٹی میں ہر فیصلہ اور ہر تعمیر عالمی معیار کے مطابق ہوگی۔لاکھوں نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔وزراء نے بتایا کہ ایف سی ڈی اے دفتر کی افتتاحی تقریب کی تاریخ پر جلد ہی وزیراعلیٰ سے مشاورت کے بعد فیصلہ کیا جائے گا۔

Desk

Future City

ریاستی حکومت کے باوقار فیوچرسٹی پروجیکٹ کے تحت زیر تعمیر ایف سی ڈی اے دفتر اور ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کے کاموں کا آج وزراء پی سرینواس ریڈی اور ڈی سریدھر بابو نے معائنہ کیا۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ جدید ٹکنالوجی اور عالمی معیار کی سہولیات کے ساتھ تعمیراتی کام تیزی سے مکمل کیے جائیں۔وزراء نے کہا کہ حکومت ملک میں بہترین بنیادی ڈھانچہ اور پائیدار ترقی کے معیار کے ساتھ فیوچرسٹی کو ترقی دینے کے لئے پُرعزم ہے۔انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ شہر ریاست کے مستقبل کو بدل دے گا۔

PTC - HYD

Esha Singh

میونخ میں جاری آئی ایس ایس ایف عالمی کپ 2026 شوٹنگ مقابلوں میں خواتین کے 25 میٹر پسٹل فائنل میں شاندار کارکردگی دکھانے پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ایشا سنگھ کو مبارکباد دی ہے۔حیدرآباد سے تعلق رکھنے والی ایشا سنگھ کی کامیابی کو انہوں نے ہندوستانی شوٹنگ کھیل کی تاریخ کا یادگار لمحہ قرار دیا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایشا اپنی لگن، نظم وضبط اور ثابت قدمی کے ذریعہ لاکھوں نوجوانوں کے لئے ایک تحریک بن گئی ہیں۔آئی ایس ایس ایف عالمی کپ 2026 کے خواتین کے 25 میٹر پسٹل فائنل میں ایشا سنگھ نے 43 ہٹس اسکور کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا۔

PN ُ

Registrations

ریاست میں زمینوں کی قیمتوں کو حقیقی مارکیٹ ریٹ کے مطابق منظّم کرنے سے متعلق ریاستی کابینہ کے فیصلہ کے بعد رجسٹریشنز کی مانگ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر عوام کو کسی قسم کی دشواری سے بچانے کے لئے حکومت نے خصوصی اقدامات کئے ہیں۔ ریاستی وزیر سرینواس ریڈی نے اعلان کیا کہ ریاست کے تمام سب رجسٹرار دفاتر کے اوقاتِ کار 29 مئی سے 3 جون تک صبح 9:30 بجے سے رات 7:30 بجے تک بڑھا دئے جائیں گے۔

PN

Weather Update

حیدرآباد محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں مختلف مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔ محکمہ کے مطابق آئندہ تین دنوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں ایک سے 3 ڈگری سیلسیس تک اضافہ ہوسکتا ہے۔ عادل آباد، کومرم بھیم آصف آباد، منچریال، کریم نگر، پداپلی، جے شنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرا چلم کوتہ گوڑم اور کھمم اضلاع میں بعض مقامات پر گرم ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ ان اضلاع کے لئے آرنج الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ دیگر اضلاع میں گرج چمک، آندھی اور بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

PN

Eid

ریاست بھر میں مسلمان بقرعید کا تہوار عقیدت واحترام کے ساتھ منا رہے ہیں۔ عید گاہوں اور مساجد میں خصوصی نمازیں ادا کی گئی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست کے عوام کو بقرعید کی

مبارکباد پیش کی۔ جبکہ وزراء کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، دامودھر راج نرسمہا اور قانون ساز کونسل کے چیرمین جی سکھیندر ریڈی نے بھی عید کی مبارکباد دی۔

Desk, Nalgonda, Sangareddy

Bakrid Celebrations Across Districts

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے بوڈوگٹہ عیدگاہ میں منعقد عیدالاضحیٰ کی تقریب میں کوتہ گوڑم کے ایم ایل اے کے سامبا شیوا راؤ شریک ہوئے۔

یادادری بھونگیر، جنگاؤں، راجنا سرسلہ، کریم نگر اور ناگر کرنول اضلاع میں بقرعید شاندار انداز میں منائی جارہی ہیں۔ بقرعید کے موقع پر مسلم مذہبی رہنماؤں نے گائے کو قومی جانور قرار دینے کے مطالبہ پر مبنی پلے کارڈس بھی آویزاں کیے۔

بقرعید کے پیش نظر نرمل ضلع کے نرمل اور بھینسہ شہروں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کے لئے پولیس کی جانب سے سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے۔

جگتیال ضلع کے دھرم پوری میں بقرعید کے موقع پر منعقد خصوصی دعاؤں میں وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے شرکت کی۔ انہوں نے بتایا کہ دھرم پوری حلقہ کی مساجد اور عیدگاہوں کی ترقی کے لئے فنڈس جاری کیے گئے ہیں۔

PTCs: Yadadri, Bhuvanagiri, Nirmal, Sangareddy, Bhadradri Kothagudem, Rajanna Sircilla, Karimnagar, Nagarkurnool, Jagtial

Employment Guarantee

تلنگانہ میں مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار ضمانتی اسکیم کے تحت کاموں میں تیزی آ گئی ہے۔ وزیر سیتا اکا کی مسلسل جائزہ میٹنگوں کے باعث ریاست بھر میں مزدوروں کی حاضری میں

نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ وزارت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ مئی کے پہلے ہفتہ میں صرف سات لاکھ مزدور کام پر موجود تھے، جبکہ اب یہ تعداد روزانہ 16 لاکھ 24 ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ وزیر سیتا اکا نے بتایا کہ ریاست کو مختص کئے گئے 8 کروڑ کام کے دنوں کے ہدف میں سے اب تک 4.5 کروڑ مکمل ہو چکے ہیں اور حکومت یکم جولائی تک ہدف حاصل کرنے کے لئے کوششیں کر رہی ہے۔

Desk

CM

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ ریاست کے ہر شہری کو ملنے والی تمام فلاحی اسکیموں کی تفصیلات ایک ہی کارڈ میں شامل کرتے ہوئے 'جامع فلاح کارڈ' تیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس کارڈ کو آئی ٹی محکمہ کی نگرانی میں نافذ کیا جائے اور تمام محکموں کے مستحقین کا ڈیٹا جمع کرنے کے لئے خصوصی مہم چلائی جائے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ اس کارڈ میں آروگیہ شری، فیس ری ایمبر سمنٹ، محکمہ لیبر، بیمہ اسکیموں سمیت تمام محکموں کی معلومات شامل ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت (AI) کی مدد سے ڈیٹا کا تجزیہ کرنے سے حقیقی مستحقین تک اسکیموں کے فوائد پہنچانے اور غیر مستحق افراد کی نشاندہی کرنے میں آسانی ہوگی۔ انہوں نے یہ بھی ہدایت دی کہ ضرورت پڑنے پر آدھار کی طرز پر ریاستی سطح پر خصوصی منفرد شناختی نمبر جاری کرنے کے امکان کا جائزہ لیا جائے۔

Desk

Uttam Kumar Reddy

وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ بھیگا ہوا دھان بھی امدادی قیمت پر خرید کر کسانوں کو ہر ممکن مدد فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے یادادری بھونگیر ضلع کلکٹریٹ میں وزراء پی سرینواس ریڈی اور شری دھر بابو کے ساتھ مل کر دھان کی خریداری کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر وزیر نے کہا کہ آئندہ چار دنوں تک تمام سرکاری مشینری پوری طرح چوکس رہتے ہوئے خرید کئے گئے دھان کو فوری طور پر ملوں تک منتقل کرے۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ ضرورت پڑنے پر خانگی لاریوں، ٹریکٹروں اور دیگر گاڑیوں کو بھی استعمال کیا جائے۔ اتم کمار ریڈی نے واضح کیا کہ کسی بھی صورت میں یکم جون تک دھان کی خریداری کا عمل مکمل کیا جائے۔

PTC, Yadadri Bhuvanagiri

Eid - Vivek Venkataswamy

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا کہ ریاستی حکومت اقلیتوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے پابند عہد ہے۔ منچر یال ضلع کے چنور اسمبلی حلقہ میں منعقد کئے گئے عیدالاضحیٰ کی تقریب میں ریاستی وزیر نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ چنور میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے مختلف ترقیاتی کام جاری ہیں۔

Sound Byte - Vivek Venkataswamy

PTC - Mancherial

OO